16مارچ2012

اسٹیٹ بینک نے طویل مدتی مالکاری اسکیم کے تحت ڈیری سیکٹر کے لئے مالکاری (فائنانسنگ) کی اجازت دیدی

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے بینکوں/ترقیاتی مالیاتی اداروں کو طویل مدتی مالکاری اسکیم (LTFF) برائے پلانٹ اور مشینری کے تحت ڈیری سیکٹر (dairy sector) کے لئے مالکاری (فائنانسنگ) فراہم کرنے کی اجازت دیدی ہے۔

اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے جاری کردہ آئی ایچ اینڈ ایس ایم ای ایف ڈی سرکلر لیٹر نمبر 4 مورخہ 16 مارچ، 2012 کے مطابق طویل مدتی مالکاری اسکیم (LTFF) برائے پلانٹ اور مشینری کے تحت اہل شعبوں/ذیلی شعبوں کی فہرست میں ڈیری سیکٹر کو بھی شامل کرلیا گیا ہے۔

سرکلر لیٹر میں کہا گیا ہے کہ چنانچہ بینک/ترقیاتی مالیاتی ادارے دودھ کو خشک دودھ کی شکل میں تبدیل/محفوظ کرنے کے لئے استعمال ہونے والی مشینری سمیت ڈیری مصنوعات کی اسٹوریج، چلنگ، پروسیسنگ اور پیکیجنگ کے لئے برآمدی منصوبوں میں استعمال ہونے والے نئے درآمدی اور مقامی طور پر تیار کردہ پلانٹ، مشینری اور سامان کے لئے بھی مالکاری (فائنانسنگ) اس اسکیم کی شرائط وضوابط کو مدنظر رکھتے ہوئے فراہم کرسکتے ہیں۔

[☆☆☆]